تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

March 03, 2025

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے بیگم حضرت محل گرلس ہاسٹل نے اپنا سالانہ کھیل کود پروگرام منعقد کیا

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے بیگم حضرت محل گرلس ہاسٹل کا سالانہ کھیل کود پروگرام ستائیس فروری دو ہزار پچیس کو این ایم اے کے پی اسپورٹس کمپلیس میں انتہائی جوش وخروش کے ساتھ منعقد ہوا۔عزت مآب شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ، پروفیسر مظہر آصف افتتاحی پروگرام کے مہمان خصوصی تھے، ہاسٹل کی پرووسٹ پروفیسر نیلوفر افضل نے ان کی تہنیت کی۔ ہاسٹل کی طالبات نے جوش اور توانائی کے ساتھ کھیل کود کے مظاہروں سے جان ڈال دی جس کی حاضرین نے خوب سراہا۔

پروفیسر افضل نے پروگرام میں شیخ الجامعہ کی موجودگی کو طلبہ کے لیے اہم تحریک کا سرچشمہ بتایا جس سے ان کے جوش اور حوصلے کو نئی اڑان ملی۔انھوں نے اس موقع پر پروگرام میں موجود اہم شخصیات یعنی شیخ الجامعہ کے افسر بکار خاص ڈاکٹر ستیہ پرکاش ،یونیورسٹی لائبریرین ڈاکٹر وکاس ایس۔نگرالے: میڈیکل افسران ڈاکٹر ارشاد حسین نقوی اور ڈاکٹر شائستہ پروین ،اعزازی ڈائریکٹر گیمز اینڈ اسپورٹس پروفیسر نفیس احمد، پولی ٹکنک یونیورسٹی کے پرنسپل پروفیسر ایم۔اے۔خان اور جامعہ مڈل اسکول کی ہیڈ مسٹریس محترمہ نصرت جہاں کا بھی صمیم قلب سے استقبال کیا۔

پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے طلبہ کی زندگیوں میں کھیل کود اور جسمانی سرگرمی کی اہمیت پر زور کے ساتھ جوشیلی تقریر کی۔انھوں نے طلبہ سے کہا کہ وہ روزمرہ کی زندگی میں ضابطے والا نظام اپنائیں،انھیں رات میں جلدی سونے اور صبح جلدی اٹھنے کے لیے ابھارا اور کہا کہ اپنی روزمرہ کی کاموں میں جسمانی سرگرمیوں کو شامل کریں۔سکون اور مجموعی صحت کے لیے معاون جسمانی سرگرمی پر زور کے ساتھ 'جسم کے لیے کوڑا' کے طور پر اس کا تقابل کرتے ہوئے سوشل میڈیا کے زیادہ استعمال کے مضر اثرات سے طالبات کو آگاہ کیا۔

مزید برآں انھوں نے نماز کے اہتمام کو جسمانی استغراق پر زور دیا اور فریضۂ حج کی ادائیگی میں صفا اور مروہ کے درمیان دوڑ ناگزیر جسمانی سرگرمی کی مثال پیش کی جو استقامت اور عقیدے کو راسخ اور مضبوط کرتی ہے۔

ڈپٹی پرووسٹ پروفیسر فرح ناز نے شکریے کی رسم ادا کی اور پروگرام میں اپنے مصروف شیڈول سے وقت نکالنے اور طلبہ کو تحریک دینے کی غرض سے پروگرام میں شریک ہونے کے لیے عزت مآب شیخ الجامعہ کے تئیں جذبہ امتنان کا اظہار کیا۔ پروگرام کے

انعقاد میں اہم خدمات انجام دینے والی شخصیتوں پرووسٹ, وارڈین اور ہاسٹل کے دیگر اسٹاف اراکین کا بھی انھوں نے دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا۔

بیگم حضرت محل گرلس ہاسٹل کی ایک طالبہ زینا امان نے پروگرام میں بہترین نظامت کی۔شیخ الجامعہ پروفیسر مظہر آصف اور اعزازی ڈائریکٹر گیمز اینڈ اسپورٹس پروفیسر نفیس احمد کے درمیان بیڈمنٹن مقابلے سے ہاسٹل اسپورٹس میٹ کا باقاعدہ آغاز ہوا۔

اس کے بعد کھیل کود کے باقاعدہ مقابلے بشمول بیڈمنٹن (سنگلز اینڈ ڈبلز) ٹیبل ٹینس (سنگلز اینڈ ڈبلز) شطرنج اور کیرم کے مقابلے ہوئے۔آوٹ ڈور کھیلوں کے مقابلوں میں سو میٹر کی دوڑ، چار سو میٹر کی ریلے دوڑ اور رسّا کشی کے مقابلوں نے پروگرام کی مقابلہ جاتی روح اور جوش میں رنگ بھر دیا تھا۔

پروگرام کافی کامیاب رہا جس میں طلبہ کی زندگی میں جسمانی صحت اور ٹیم ورک کی اہمیت کے ساتھ طالبات کی صلاحیتوں ،تن دہی اور جذبہ کھیل کا مظاہرہ ہوا۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی